© rasailojaraid.com

پتہ میں ایشیا میرٹھ (یو۔پی) لکھنا ضروری ہے۔

# ماہنامہ "ایشیا" میرٹھ کا مکاتیب نمبر

## ہندستان کے تمام مشاہیر ادب شعرا، انشاپردازوں، افسانہ نگاروں اور مشہور ہستیوں کے خطوط کا مجموعہ

### مرتبہ: حضرت ساغر نظامی

اردو میں اس قسم کی کوئی مستند اور اعلیٰ کتاب اس وقت تک شائع نہیں ہوئی جس میں ترتیب اور لطیف حواشی کے ساتھ ملک کی مشہور ہستیوں کے سیاسی، علمی، ادبی، شعری اور اسالیبی خطوط بیک وقت جمع کر دیے گئے ہوں۔ ایشیا نے اپنا تازہ نمبر "مکاتیب نمبر" کے نام سے شائع کیا ہے۔ یوں تو ہر لفظ جو کسی زبان سے نکلتا یا قلم سے لکھا جاتا ہے اپنے موضوع پر کم و بیش روشنی ڈالتا ہے لیکن خطوط اور خاص کر وہ خطوط جو بڑے آدمیوں کی طرف سے اپنے بے تکلف احباب کو لکھے جاتے ہیں زیادہ مفید ثابت ہوتے ہیں ان سے طبیعت کی گہرائیوں اور حالات و واقعات کی اصلیتوں کا راز فاش ہوتا ہے، جو سماجی رکھ رکھاؤ اور ادبی رسوم و تکلفات کی متحمل نہیں ہو سکیں مکاتیب کی مدد سے ہمیں لکھنے والوں کی پبلک زندگی سے لے کر خانگی حالات اور ذاتی رجحانات تک کا پتہ چلتا ہے۔ اسی طرح ان تمام افعال کی توجیہ میں سہولت پیدا ہو جاتی ہے جو بادی النظر میں ایک دوسرے سے بالکل بے نیاز معلوم ہوتے ہیں اور اصل میں احساسات کے نازک اور لطیف رشتوں سے منسلک ہیں۔ یہ نمبر کتابی صورت میں ۲۲×۱۸/۸ سائز کے ۲۰۰ صفحات پر شائع ہوا ہے نہایت بہتر چھپائی، سپید کاغذ، شاندار سرورق، جدت نواز گرد پوش۔ اس نمبر کی مثال دنیائے ادب میں آسانی سے نہیں مل سکتی۔ خطوط کے علاوہ خطوط پر دو شاہکار نظمیں اور چند علمی و تنقیدی مقالے جو مکتوب نگاری سے تعلق رکھتے ہیں اس مجموعہ میں ہیں۔ قیمت ۱۲ؕ مع محصول۔ جو صاحب ایشیا کی مستقل خریداری فرمائینگے وہ مفت حاصل کر سکتے ہیں۔ قیمت ایشیا میرٹھ سالانہ ۵ؔ

منیجر رسالہ ایشیا ادبی مرکز میرٹھ



© rasailojaraid.com